الشمائل المحمدیۃ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو چودھویں رات میں دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ دھاری دار حلہ پہنا ہوا تھا، کبھی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتا کبھی میں چاند کو دیکھتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے نزدیک یقیناً چاند سے **زیادہ حسین** تھے۔

(الشمائل المحمدیہ، حدیث 10، دار الیسر)

وضاحت: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بار بار دیکھ کر بھی یہی فیصلہ کیا صرف ایک بار کا مشاہدہ نہ تھا۔





الشمائل المحمدیة

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

نبی پاک ﷺ گورے رنگ کے تھے جس میں
سرخی شامل تھی گویا کہ

آپ ﷺ کو چاندی کے اندر ڈھالا گیا تھا

آپ ﷺ کے بال مبارک قدرے بل کھائے
ہوئے تھے۔

(الشمائل المحمدیہ، حدیث 12، دار الیسر)

الشمائل المحمدیۃ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ

کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک تلوار کی طرح کا تھا؟

انہوں نے فرمایا:

"نہیں بلکہ چاند کی طرح کا تھا"

(الشمائل المحمدیہ، حدیث 11، دار الیسر)

وضاحت: چمک اور لمبے ہونے میں تلوار کی طرح نہیں تھا بلکہ چاند کی طرح کچھ گول تھا جو تلوار سے زیادہ روشن ہے لیکن بالکل گول نہیں تھا۔





الشمائل المحمدیۃ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

حضور علیہ الصلاۃ و السلام کے سامنے کے دانتوں کے درمیان معمولی سا فاصلہ تھا، جب گفتگو فرماتے تو لگتا کہ نور دانتوں سے باہر آرہا ہے۔

(الشمائل المحمدیہ، حدیث 15، دار الیسر)

Qist Number 8



الشمائل المحمدية

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ

"میں اور رسول اکرم ﷺ کے غسل کا برتن ایک ہی تھا آپ ﷺ کے بال کان سے نیچے اور کندھوں سے اوپر رہتے تھے"

(الشمائل المحمدیہ)

الشمائل المحمدیۃ

مہر نبوت

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں،

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان کبوتری کے انڈے کی طرح سرخ غدود دیکھی۔

(الشمائل المحمدیۃ)



10

الشمائل المحمدية

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

اکثر سر مبارک میں کنگھی کیا کرتے تھے، تیل لگاتے اور داڑھی مبارک میں کنگھی کیا کرتے تھے اور اکثر عمامہ شریف کے نیچے ایک (چھوٹا سا) رومال رکھتے تھے یہاں تک کہ وہ کپڑا تیل سے تر ہو جاتا تھا۔

Faraz Attari Madani



موئے مبارک

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک اور داڑھی میں صرف چودہ بال سفید شمار کیے

نوٹ: اس حوالے سے مختلف روایات ہیں، زیادہ درست یہ ہے کہ 20 سے کم بال سفید تھے۔

(الشمائل المحمدیہ)

سرمہ لگانا

حضرت ابن عباس رضی اللّٰہ تعالی عنہ فرماتے ہیں بے شک نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

"سیاہ سرمہ لگایا کرو کیونکہ وہ آنکھوں کو روشن کرتا ہے اور پلکوں کے بال پیدا کرتا ہے اور انہوں نے بتایا کہ حضور علیہ السلام کے پاس ایک سرمہ دانی تھی اس میں سے آپ ہر رات میں تین مرتبہ ایک آنکھ میں اور تین مرتبہ دوسری آنکھ میں سرمہ لگاتے تھے۔"

(الشمائل المحمدیة)





الشمائل المحمدیۃ

لباس مبارک

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں تم **سفید کپڑے** ضرور پہنو، تمھارے **زندہ** بھی پہنیں اور **مردوں** کو بھی یہی **کفن** دو کیونکہ یہ بہترین کپڑے ہیں

(الشمائل المحمدیہ)

Qist : 14

الشمائل المحمدیۃ

Faraz Attari Madani

حضرت مالک بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

نبی پاک ﷺ نے کبھی بھی روٹی یا گوشت پیٹ بھر کر نہیں کھایا البتہ لوگوں کے ساتھ مل کر ضرور کھایا۔

(الشمائل المحمدیہ)

Qist : 15

الشمائل المحمدیۃ

Faraz Attari Madani

نعلین مبارک

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

حضور ﷺ کنگھی کرنے ،جوتا پہننے اور وضو کرنے میں حتی الامکان دائیں سے ابتداء کو پسند فرماتے تھے

(الشمائل المحمدیہ)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

علم کا زیادہ ہونا عبادت کے زیادہ ہونے سے بہتر ہے، اور اس دین کا دارومدار پرہیزگاری پر ہے۔

(مستدرک حاکم، حدیث 289)



Faraz Attari Madani

صلی اللہ علیہ وسلم

فرمان آخری نبی

علم سیکھنے سے آتا ہے، تحمل مزاجی بتکلف برداشت کرنے سے پیدا ہوتی ہے اور جو بھلائی حاصل کرنے کی کوشش کرے اسے بھلائی دی جاتی ہے اور جو شر سے بچنا چاہتا ہے اسے بچایا جاتا ہے۔

اس حدیث پاک میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جس طرح علم سیکھنے سے آتا ہے اسی طرح بردباری کا حصول شروع میں بتکلف حلیم بننے اور بردباری اختیار کرنے سے ہوتا ہے۔

(احیاء العلوم ج 3، ص 536)


جمعہ مبارک
فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
بیشک انسان گناہ کی نحوست کی وجہ
سے رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔
(ابن ماجه.جلد 4.حديث 4022)
Faraz Attari Madani

فرمان مصطفی ﷺ:

گائے کا دودھ استعمال کرو کیونکہ یہ
ہر درخت سے غذا حاصل کرتی ہے
اور اس میں ہر بیماری سے شفا ہے۔

(مستدرک للحاکم،ج5،حدیث8274)



امام **حسن بصری** رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا

تہجد پڑھنے والوں کے چہرے خوبصورت کیوں ہوتے ہیں؟

فرمایا:

”رحمن کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں تو وہ انہیں اپنا **نور** عطا فرما دیتا ہے۔“

(مختصر قیام اللیل للمروزی، ص۵۸)

جمعة مباركة

♡مدینہ♡

قرآن مجید امراض کے لئے شفا ہے

قرآن مجید ہر طرح کے باطنی
امراض کے لئے شِفا ہے اور جہاں
تک جسمانی امراض کا تعلق ہے
تو وہ اُس کی تلاوت کی برکت سے
دور ہو جاتے ہیں۔

(خازن، بنی اسرائیل، آیت 82)



Faraz Attari Madani

نیکی کرنا اور ڈرنا، ایمان
کے کامل ہونے کی
علامت ہے

(تفسیر صراط الجنان، ج6، ص537)



تقوی کے ہیضہ میں مبتلا ہو کر
جہالت کے اندھیروں میں رہنے
سے بہتر ہے شریعت کی حدود میں
رہ کر علم دین حاصل کیا جائے۔
مستحبات کو عذر بنا کر فرض
علوم حاصل نہ کرنا محرومی کے
علاوہ کچھ نہیں۔

محمد فراز عطاری مدنی

FAM
ONLINE COURSES

اللہ پاک نیت خیر سے علم طلب
کرنے والوں کو گناہوں سے بچنے
اور گزشتہ گناہوں کا کفارہ ادا
کرنے کی توفیق دیتا ہے۔

(مرآۃ المناجیح، جلد 1، صفحہ 198)

Faraz Attari Madani

ONLINE COURSES

بندے کے لیے چار چیزیں نہایت ضروری ہیں



علم



عمل



اخلاص



خوف

جمعہ مبارک

(منہاج العابدین،ص=451)

مومن نیکی کرکے بھی (خوف
خدا کے سبب) روتا ہے، جبکہ
منافق برائی کرکے بھی ہنس رہا
ہوتا ہے۔

(احیاء علوم الدین 3/86)



کتنا اچھا ہے وہ ایمان جو علم سے آراستہ ہو اور
کتنا اچھا ہے وہ علم جسے عمل خوبصورتی بخشے
اور کتنا اچھا ہے وہ عمل جس میں نرمی کی خوشبو
آئے اور جو نسبت بردباری کو علم سے ہے ایسی
کسی چیز کو کسی سے نہیں۔

(احیاء العلوم جلد 3، ص، 568)


العلم
جو شخص فخر ظاہر کرنے اور لوگوں پر بڑائی جتانے
کے لئے علم سیکھے نیز علمی فضیلت کی وجہ سے دیگر
مسلمانوں کو حقارت کی نظر سے دیکھے اور ان سے
احمقانہ سلوک کرے اور انہیں کم تر تصور
کرے تو ایسا شخص بہت بڑے
تکبر کا شکار ہے
(الکبائر)
Faraz Attari Madani

فرمان امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

میرے پاس ان عملیات کے ذخائر بھرے ہیں لیکن بحمد اللہ تعالیٰ آج تک کبھی اس طرف خیال بھی نہیں کیا۔

ہمیشہ ان دعاؤں پر جو احادیث میں ارشاد ہوئیں عمل کیا۔میری تو تمام مشکلات انہیں سے حل ہوتی رہتی ہیں۔




10 شوال ولادت

اعلی حضرت

رحمۃ اللّٰہ علیہ

مبارک ہو


FAM
ONLINE COURSES
26
رمضان
تمام عاشقان رسول
کو امیر اہلسنت
کا جشن ولادت
مبارک ہو
سلام اے
میرے عطار


FAM
ONLINE COURSES
عید کا پہلا دن
حضرت علی رضی اللہ عنہ
رمضان کی آخری شب میں ندا کرتے کہ کاش
مجھے معلوم ہوتا کہ کون مقبول ہوا تو میں اس
کو مبارک باد پیش کرتا اور کون محروم رہا تو میں
اس سے تعزیت کرتا۔
Eid Mubarak

عید کا دوسرا دن



جس نے رمضان میں زبان سے تو استغفار کیا مگر اس کا دل گناہوں میں اٹکا ہوا ہے اور وہ یہ ارادہ کرتا ہے کہ رمضان کے بعد دوبارہ گناہوں کی طرف چلا جاؤں گا تو اس کے روزے اس کے منہ پر مار دیے جاتے ہیں۔

عید کا تیسرا دن

پہلے کے لوگ **رمضان المبارک** سے قبل چھ مہینے
رمضان شریف کو پانے کی اور **رمضان المبارک** کے
بعد چھ مہینے عبادتِ رمضان کی قبولیت کی دعا کرتے تھے۔
(فیضان رمضان ص،212)

عجل عجل یا رمضان
جلدی جلدی آ رمضان
تجھ پہ قربان میری جان



FAM ONLINE COURSES

عید مبارک
EID MUBARAK



سورج گرہن و چاند گرہن کی نماز

سورج گہن کی نماز سنت مؤکدہ ہے اور چاند گہن کی مستحب، سورج گہن کی نماز جماعت سے پڑھنی مستحب ہے اور تنہا تنہا بھی ہو سکتی ہے اور جماعت سے پڑھی جائے تو خطبے کے سوا تمام شرائط جمعہ اس کے لئے شرط ہیں ، وہی شخص اس کی جماعت قائم کر سکتا ہے جو جمعہ کی کر سکتا ہے ، وہ نہ ہو تو تنہا تنہا پڑھیں ، گھر میں یا مسجد میں



(در مختار و ردالمختار، ج،3، ص، 77)

(فیضانِ نماز کتاب ص 165)




آرٹیفیشل پلکیں لگانا کیسا؟

آرٹیفیشل پلکیں لگانا جائز ہے جبکہ
انسان اور خنزیز کے بالوں کی نہ
ہوں لیکن وضو اور غسل کے لئے
ان کو اتارنا ضروری ہے۔

(ملتقطا: فتاوی دارالافتاء اہلسنت)

ایام مخصوصہ میں مدنی قاعدہ پڑھنا




چند تختیاں پڑھ سکتے ہیں

پہلی پانچ، ساتویں، آٹھویں، نویں اور تیرہویں کی ابتدائی چند لائینیں جو حروف مفردات پر مشتمل ہیں اس کے علاوہ نہیں پڑھ سکتی۔

Faraz Attari Madani

ایام مخصوصہ میں مدنی قاعدہ پڑھنا

حائضہ کے لئے مدنی قاعدہ کی وہ تختیاں کہ جن میں فقط حروف ہیں، کلمات قرآن نہیں ہیں مثلاً حروف مفردہ، مدہ، تنوین، مرکبات والی وہ تختیاں کہ جن میں مختلف حروف کی پہچان، مدہ، لین، تنوین، حرکات وغیرہ کا درست تلفظ سکھانے کے لئے الفاظ لکھے ہوتے ہیں جیسے خَلَقَ، رَزَقَ، سَفَرَۃٌ وغیرہ کے الفاظ تو انہیں پڑھنا اور چھونا دونوں جائز ہے اور وہ تختیاں کہ جن میں کلمات قرآن ہیں یا قرآن کی آیات ہیں مثلاً وہ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یا وَهُمْ يُنْظَرُوْنَ وغیرہ، ان کو نہیں پڑھ سکتی۔



وضاحت: معلمہ ان الفاظ کو توڑ توڑ کر پڑھا سکتی ہے یعنی ہر کلمہ پر سانس لے مثلاً قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے وقت ہر ایک کلمہ پر سانس توڑے نیز ان الفاظ کی ادائیگی کے وقت قرآن کی نیت نہ کرے۔

(دار الافتاء اہلسنت)

عورت کے گھر سے باہر جاکر ملازمت کرنے کی پانچ شرائط ہیں:

(1) کپڑے باریک نہ ہوں جن سے سر کے بال یا کلائی وغیرہ ستر کا کوئی حصہ چمکے

(2) کپڑے تنگ و چست نہ ہوں جو بدن کی ہیئت ظاہر کریں

(3) بالوں یا گلے یا پیٹ یا کلائی یا پنڈلی کا کوئی حصہ ظاہر نہ ہوتا ہو

(4) کبھی نامحرم کے ساتھ کسی خفیف (معمولی) دیر کے لئے بھی تنہائی نہ ہوتی ہو

(5) اس کے وہاں رہنے یا باہر آنے جانے میں کوئی مظنہ فتنہ نہ ہو(یعنی جس عورت کی جان عزت و آبرو کو کسی قسم کا کوئی نقصان پہنچنے کا خدشہ نہ ہو)

یہ پانچ شرطیں اگر جمع ہیں تو حرج نہیں اور ان میں ایک بھی کم ہے تو حرام ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد 22، صفحہ 248، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

نکاح

شادی شُدہ کی دو رکعتیں غیر شادی شدہ شخص کی ستّر(70) رکعتوں سے اور ایک روایت کے مطابق بیاسی(82) رکعتوں سے بہتر ہیں۔

(جامع صغیر، ص 300، حدیث 4867)

شرح: غالبا اس کی وجہ یہ ہے کہ غیر شادی شدہ کے مقابلے میں شادی شدہ آدمی کے حواس قابو میں رہتے ہیں، حوصلے مضبوط ہوتے ہیں اور اسے خشوع و خضوع زیادہ حاصل ہوتا ہے جو کہ عبادت کی روح ہے۔

(تیسیر شرح جامع الصغیر، حرف الراء)



Faraz Attari Madani

عورت شادی کے بعد اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لکھ سکتی ہے کیونکہ اس سے مقصود پہچان کروانا ہے نہ کہ نسب کی تبدیلی۔

قرآن پاک میں

"امراته" ابراهیم کی بیوی،
"امرات العزیز" بادشاہ کی بیوی،
"امرات عمران" عمران کی بیوی
وغیرہ الفاظ آئے ہیں۔

حدیث پاک میں

"امراة ابن مسعود" ابن مسعود کی بیوی وغیرہ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

(ملخصا:فتاوی اہلسنت)

مگر بہتر یہ ہے کہ عورت اپنی نسبت والد کی طرف کرے جیسے بنت اسماعیل وغیرہ۔

نوٹ: سوشل میڈیا پر کئی سالوں سے ایک پوسٹ چل رہی ہے جس میں احادیث ذکر کر کے عورت کو اپنے نام کے ساتھ شوہر کا نام لکھنا حرام بتایا گیا ہے ،یاد رکھیں وہ ساری روایات نسب کی تبدیلی کے حوالے سے ہیں جو کہ کبیرہ گناہ ہے، پہچان کے لئے شوہر کا نام لگنا بالکل جائز ہے۔

مہر کی مقدار

شریعت نے مہر کی کم سے کم مقدار 10 درہم قرار دی ہے جو آج کے حساب سے 2 تولہ 7.5 ماشہ چاندی ہے، لہذا نکاح کے وقت مارکیٹ ویلیو دیکھ کر مہر مقرر کرلیا جائے۔ مہر میں زیادہ کی کوئی حد نہیں۔


نوٹ:

مہر میں رقم یا کوئی سامان دے رہے ہیں تو عقد نکاح کے وقت وہ کم از کم 2 تولہ 7.5 ماشہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو۔

فیلنگ کی وجہ سے وضو

جس نے دانتوں میں filling کروائی یا root canal کروایا تو بھی اس کا وضو اور غسل ہو جائے گا یہ چیزیں وضو اور غسل میں رکاوٹ نہیں بنیں گی۔

(ماخوذا: شامی، ج1، ص220)



Faraz Attari Madani

صرف 10 محرم کا روزہ

10 محرم کا ایک روزہ بھی رکھ سکتے ہیں
کوئی حرج نہیں، 9 یا 11 کا رکھنا بہتر
ہے ضروری نہیں۔



faraz attari madani

نفل روزے میں قضا کی نیت



9 اور 10 محرم الحرام کے نفلی روزوں میں قضا کی نیت شامل نہیں کی جاسکتی، یا تو قضا کی نیت سے رکھے جاسکتے ہیں یا نفل کی نیت سے دونوں نیتوں کو شامل نہیں کر سکتے۔



(البحر الرائق)

سجدہ سہو کا طریقہ

اَلتَّحِیَّاتُ پڑھ کر بلکہ افضل یہ ہے
کہ درود شریف بھی پڑھ لیجئے، سیدھی
طرف سلام پھیر کر دو سجدے کیجئے پھر
تَشَھُّدْ ، درود شریف اور دُعا پڑھ کر
سلام پھیر دیجئے۔

(نماز کے احکام، ص280)

Faraz Attari Madani

مسئلہ:

التحیات سے پہلے اگر بھول کر پوری بسم اللہ
پڑھ لی تو سجدہ سہو **واجب** ہو گا اور پوری
نہیں پڑھی اگرچہ بسم اللہ الرحمن تک پڑھی
تو سجدہ سہو واجب نہیں۔



فراز عطاری مدنی

Faraz Attari Madani

کسی بھی نماز کی کسی بھی رکعت میں اگر سورۃ الفاتحہ سے پہلے التحیات پڑھ لی تو اس پر سجدہ سہو واجب نہیں ہو گا۔


کیونکہ

قراءت سے پہلے محل ثنا ہے اور التحیات بھی ثنا کے کلمات پر مشتمل ہے۔

ہاں! اگر سورۃ الفاتحہ کے بعد بھول کر التحیات پڑھ لی تو سجدہ سہو واجب ہو گا۔

(عالمگیری، ج 1، ص140، جد الممتار، ج3، ص527)

فری لانسنگ کے ذریعے کام کرنا کیسا؟



فری لانسنگ ویب سائٹس دو پارٹیوں کو ملاتی ہیں اس پر اپنا کمیشن لیتی ہیں تو اگر دو پارٹیوں کے درمیان طے پانے والا کام جائز ہے تو پارٹی سے اجرت لینا بھی جائز اور ویب سائٹ والوں کا کمیشن لینا بھی جائز ہے جبکہ یہ اجرت اور کمیشن طے ہو۔

(ملتقطا: فتاوی دارالافتاء اہلسنت)